⇐ اسلام کے نمایاں پہلو:-

① توحید کا منفرد تصور:-

اسلام واحد دین ہے جس نے توحید کو بیان کیا ہے۔

⇐ توحید ہمارے کلمہ کا پہلا جزو ہے۔
سورۃ الانبیاء۔
"آپ سے پہلے جتنے بھی انبیاء بھیجے انہیں یہی وحی کی کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں لہذا میری عبادت کرو"

⇐ پورا اسلام عقیدہ توحید کے گرد چلتا ہے۔
⇐ ہمارے تمام عقائد اللہ پاک کی وجہ سے ہیں۔

سیرۃ النبی میں مولانا شبلی نعمانی لکھتے ہیں
پیغمبر نے فرمایا:
"توحید اسلام کا پہلا سبق ہے"
دوسری جگہ فرمایا:
"اسلام ایک قلعہ کی مانند ہے جس میں داخل ہونے کا دروازہ توحید ہے"

② سادہ اور عقلی مذہب:

⇐ اسلام آسان دین ہے۔
⇐ اس کا حضرات کو بعد آیا اور اسلام کے ذریعہ تعلیمات دین تاکہ اس کا حیات کا نظام چل سکے۔
⇐ خاص جگہ، یا خاص گروہ کے لیے نہیں بلکہ تمام انسانیت کے لیے آیا ہے۔
⇐ ایک جامع دین ہے۔

③ کامل دین / کامل کتاب والا دین ہے۔

اسلام ایک مکمل کتاب کا دین ہے۔
قرآن مجید آنے والی اور ہم سے پہلے تمام نسلوں کے لیے مکمل ہدایت کا چراغ ہے۔

البقرہ ۱، ۲۰ ذلک الکتاب لاریب فیہ۔
"اس کتاب کے کتاب الہٰی ہونے پر کوئی شک نہیں۔"

الحجر ۱، ۹۰
"ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہم ہی اس کے محافظ ہیں"
"اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو"

④ اخلاقِ حسنہ کی تعلیم دیتا ہے۔

← اسلام اس معاشرے میں بہترین انسان بناتا ہے۔
← اسلامی تعلیمات میں جگہ جگہ دوسروں سے بہتر معاملات کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔
• ان برائیوں کا کھل کر ذکر کیا گیا ہے جن سے اجتناب کرنا ہے۔
بخل، ظلم، زنا، عصبیت،
ان خصوصیات پر زور دیا گیا ہے جن سے معاشرہ بہتر بنتا ہے۔
صبر، عدل، انصاف، مساوات۔

القرآن
"بے شک ایک دوسرے کے ساتھ حسنِ اخلاق سے پیش آؤ"۔

آپ نے فرمایا:
"مومنوں میں کامل ایمان والے وہ ہیں جو اخلاق کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہیں"

(5) حصولِ علم کو فروغ دینے والا دین۔

اسلام جہالت کی نفی کرتا ہے۔
اسلام میں حصولِ علم کو عبادت قرار دیا گیا ہے۔

آپ نے فرمایا
"علم حاصل کرو چاہے اس کے حصول کے لیے تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے"

حضور نے فرمایا
"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے"

قرآن میں ارشاد ہے
"اللہ درجات بلند فرماتا ہے ان کے جو تم میں سے ایمان والے ہیں اور جس کو علم ملا"

یہاں علم اور ایمان کو ایک جتنا درجہ ملا ہے۔

قرآنِ مجید کے ابتدائی کلمات ہیں۔
"پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے انسان کو پیدا کیا جمے ہوئے خون سے"

(6) عملی دین۔

اسلام علم کے ساتھ ساتھ عمل کرنے کو بھی ترجیح دیتا ہے۔
توکل اور رب پر بھروسے کے ساتھ ساتھ عمل پر بھی زور دیا۔

القرآن سورۃ النجم
"انسان کے لیے وہی ہے جس کی اس نے کوشش کی اور بے شک وہ اپنی کوشش کو ضرور دیکھے گا"

دعا کے رسول ہے ۔

اللّھم انی اسئلک ۔ ۔ ۔

یا اللہ مجھے نفع دینے والا علم دے ۔

حصول رزق حلال عین عبادت ہے ۔

علم بغیر عمل کے نفع نہیں دے سکتا ۔

← اسلام نے اقوام کو علم اور عمل دونوں کی طرف متوجہ کیا ہے ۔ بلکہ عملاً ایسا کرکے بھی دکھایا ہے ۔

(7) عالمگیر دین ہے

اسلام ایک عالمگیر دین ہے ۔
کسی خاص فرقہ، گروہ یا خطے کے لیے نہیں ہے ۔

سورۃ الاعراف :

اے نبی آپ ارشاد فرمادیجئے ، اے لوگو ! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں ۔

(8) دین اور دنیا کی وحدت :

← اسلام نے دین اور دنیا کی وحدت واضح کردی ہے ۔
← دین اس دنیا میں رہنے کا طریقہ بیان کرتا ہے ۔
←

البقرہ :

ربنا اتنا فی الدنیا ۔

اے رب مجھے دنیا اور آخرت کی بھلائی دے ۔ ۔ ۔

دین حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں کے لیے انسان کو تیار کرتا ہے اور دونوں کو ادا کرنے کی تلقین کرتا ہے ۔

9) متوازن دین ہے۔

اسلام کسی بھی قسم کی شدت پسندی کی مخالفت کرتا ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا،

"میں سوتا بھی ہوں، نماز بھی پڑھتا ہوں، روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں۔ عائلی زندگی بھی گزارتا ہوں۔ تمہارے نفس کا تمہاری آنکھوں کا تمہارے اہل و عیال کا تمہارے مہمان کا تم پر حق ہے۔ ہر حق اس کے حقدار کو ادا کرو۔"

تعصب سے پاک محبت تقسیم کرنے والا دین۔

10) اخوت پر مبنی دین ہے۔

← اسلام تمام انسانیت کو اخوت کے رشتے میں باندھتا ہے۔

← اسلام ظلم اور کسی کی حق تلفی کی ہر ممکن حد تک مخالفت کرتا ہے۔

خطبہ حجۃ الوداع میں رسول ﷺ نے فرمایا،

"ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور ایک مسلمان کا جان مال اور عزت کا تحفظ دوسرے انسان پر فرض ہے۔"

11) اسلام انسانیت کو فروغ دیتا ہے۔

← اسلام اس کے ماننے والوں کو مکمل انسان بنانے کا طریقہ فراہم کرتا ہے۔

← انسان کو اس کے حقوق اور فرائض مکمل طور پر سمجھاتا ہے۔

خطبہ حجۃ الوداع۔

"ہم میں سے کسی کو کسی پر فضیلت حاصل نہیں عربی کو عجمی پر، نہ کسی عجمی کو عربی پر، نہ کسی گورے کو کالے پر نہ کسی کالے کو گورے پر۔"

سورۃ المائدہ:
"جس نے ایک انسان کو بچایا اس نے گویا تمام انسانیت کو بچایا۔"
حدیث: "مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے"

12. **عقیدہ رسالت:-**

کلمہ کا دوسرا جزو ہے۔
آپ نے فرمایا:
"مجھے آخری نبی بنا کر بھیجا گیا"
سورۃ الاحزاب:
محمدؐ تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں کو ختم کرنے والے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو بخوبی جانتے ہیں۔"

13. **شرک کی نفی پر مبنی دین:-**

← اسلام شرک کو عقل کی توہین اور انسانیت کا زوال سمجھتا ہے۔
← شرک بلاشبہ ظلم عظیم ہے۔
سورۃ لقمان:
"بلاشبہ شرک ظلم عظیم ہیں"

← موجودہ دور گواہ ہے کہ جب بھی کسی چیز کے دو مالک ہوں وہ انتشار کی طرف جاتی ہے۔

14. **قومیت سے بالاتر دین:-**

← اسلام مسلمان کو نسل، زبان، رنگ کی امتیازیت سے نکال کر ایک کرتا ہے۔
← سورۃ الحجرات
"سب انسانوں میں سے عزت والا وہ ہے جو اللہ کی تعظیم میں سب سے بڑھا ہو"